اِنّ هذا القرآن نزل علی سبعة احرف فاقرؤ وما تیسر منہ

قراۃ

حضرت امام ابو عمرو بصری رحمہ اللہ

بروایتین

سیدنا سوسی و سیدنا دوری رحمۃ اللہ علیہما

www.KitaboSunnat.com

مؤلفہ

مجدد القرات جزری وقت اسوۃ الصلحاء

حضرت مولانا الحاج قاری رحیم بخش صاحب نور اللہ مرقدہ

سابق صدر شعبہ تجوید وقرات جامعہ خیر المدارس ملتان

ناشر

ادارہ نشر و اشاعت اسلامیات (درجہ قرات)

حسین آگاہی ۔ مسجد سراجاں ۔ ملتان (پاکستان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

اِنَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْہُ مسلم

قراءۃ

حضرت امام ابو عمرو بصری رحمہ اللہ

بروایتین

سیدنا سوسی و سیدنا دوری رحمۃ اللہ علیہما

مؤلفہ

اُستاذنا مجدد القراآت قدوۃ الصلحاء
حضرۃ الحاج مولانا مقری قاری رحیم بخش صاحب پانی پتی نور اللہ مرقدہ

سابق صدر درجۂ قراآت جامعہ خیر المدارس ملتان

نظرثانی

از ادنیٰ خوشہ چین محمد طاہر رحیمی عفا اللہ عنہ

حال مقیم و مہتمم جامعہ رحیمیہ اشاعۃ القراآت ملتان

قیمت ۱۰/ روپے

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

پیش لفظ

حضرت امام ابوعمرو بصری صحیح تر قول کی بنا پر آپ کا اسم مبارک زبّان ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام علاء اور دادا کا عمار ہے۔ آپ کے دادا عمار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اصحاب میں سے تھے۔ قراء میں سے صرف آپ ہی ایسے ہیں جن کے خالص عربی ہونے پر اجماع ہے۔ اسی وجہ سے علامہ شاطبیؒ نے فرمایا ہے

وَاَمَّا الْاِمَامُ الْمَازِنِیُّ صَرِیْحُھُمْ
اَبُوْعَمْرِوِ الْبَصْرِیُّ فَوَالِدُہُ الْعَلَا

آپ کو مازنی بھی کہا جاتا ہے کیونکہ گیارہویں پشت میں آپ کے دادا کا نام مازن ہے۔ آپ خلیفہ عبدالملک کے زمانے میں ۶۸ھ میں مکہ میں پیدا ہوئے اور بصرہ میں آپ کی پرورش ہوئی۔ آپ عادل، معتبر، زاہد، امور خیر میں مال خرچ کرنے والے، قراءۃ، نحو، لغت، تاریخ، انساب، اشعار ان جیسے علموں میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ماہر تھے اس کے باوجود خود فرماتے ہیں کہ میں نے قرآن مجید میں ایک حرف بھی نقل کے بغیر اپنی رائے سے نہیں پڑھا۔ آپ کی قراءۃ دل نشین اور تکلف سے بالاتر تھی۔ جب مدینہ تشریف لے گئے تو لوگ آپ سے پڑھنے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت کرنے لگے اور جس نے آپ سے فیض حاصل نہ کیا ہو اہل مدینہ اس کو قاری نہیں شمار کرتے تھے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ مجھے ابو عمرو بصری کی قراءۃ بہت پسند ہے۔ آپ کے شیخ حسن بصریؒ نے آپ کے گرد طلبا کا اژدہام دیکھا تو تعجب سے فرمایا لا الٰہ الا اللہ کیا علما ارباب بن گئے اور جس عزت کی بنیاد علم پر نہ رکھی گئی ہو اس کا انجام ذلت ہے۔ اصمعی کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے ایک ہزار مسائل پوچھے تو آپ نے ہر مسئلہ کا جدا جدا جواب دیا اور ہر مسئلہ پر زمانہ جاہلیت کے شعراء کے کلام سے دلائل پیش کیے۔ جب آپ بصرہ میں پوشیدہ تھے تو فرزدق شاعر عیادت کے لیے آئے اور چند اشعار پڑھے جن میں سے پہلا شعر یہ تھا ؎

مَا زِلْتُ اَفْتَحُ اَبْوَابًا وَّاُغْلِقُهَا
حَتّٰی رَاَیْتُ اَبَا عَمْرِو بْنَ عَمَّارٖ

امام نشرؒ نے آپ کے حالات میں لکھا ہے کہ امام سفیان بن عیینہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھ پر قراءتیں مختلف ہو گئی ہیں، آپ جس امام کی قراءۃ کا مجھے امر فرمائیں گے میں اسی قراءۃ میں پڑھ لیا کروں گا، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابو عمرو بن العلاء کی قراءۃ پڑھا کرو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

آپ کے اساتذہ

آپ نے اہل حجاز واہل بصرہ کی ایک جماعت سے قرآن مجید پڑھا۔ مکہ والوں میں سے یہ سات ہیں ۱؎ امام مجاہدؒ ۲؎ سعید بن جبیرؒ ۳؎ حضرت عکرمہ بن خالدؒ ۴؎ عطا بن ابی رباحؒ ۵؎ امام ابن کثیرؒ ۶؎ امام محمد بن عبدالرحمٰن بن محیصنؒ ۷؎ حُمید بن قیس الاعرجؒ۔ اور مدینہ والوں میں سے تین ہیں ۱؎ ابو جعفر یزید بن قعقاع القاریؒ ۲؎ یزید بن رومانؒ ۳؎ امام شیبہ بن نصاحؒ۔ اور بصرہ والوں میں سے امام حسن بن ابی الحسن بصریؒ اور یحیٰی بن یعمرؒ وغیرہ حضرات ہیں۔ ان میں سے امام مجاہدؒ نے بواسطہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور امام ابن کثیرؒ نے حضرت عبداللہ بن سائبؓ صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابو جعفر یزید بن قعقاع القاریؒ نے بواسطہ حضرت ابوہریرہ، حضرت ابن عباس، حضرت عبداللہ بن عیاش، حضرت ابو ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اور ان سب حضرات نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پڑھا ہے۔ اسی طرح باقی حضرات میں سے بعض نے بواسطہ تابعین کے اور بعض نے بلا واسطہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پڑھا اور ان سب حضرات نے حضور نبی اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔ آپ نے بعمر چھیاسی سال منصور کی خلافت کے زمانے میں ۱۵۴ھ میں کوفہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ سے بے شمار راویوں نے قراآت نقل کی ہیں اور سب معتبر ہیں۔ من جملہ ان کے ایک

یحیٰی ابن مبارک یزیدیؒ ہیں۔ ان کا حافظہ نہایت قوی تھا۔ ابو العتاھیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں کہ میں نے آپ کے حافظہ سے دس ہزار اوراق لکھے تھے اور یہ سب وہ تھا جو آپ نے ابوعمرو سے حاصل کیا تھا اور جو خلیل سے سیکھا تھا وہ اس کے علاوہ تھا۔ آپ کو یزیدی اس لیے کہتے ہیں کہ مہدی کے ماموں یزید بن منصور کے ہمنشین تھے اور ان کے صاحبزادوں کے استاد بھی تھے۔ آپ نے بعمر چوہتر سال ۲۰۲ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

پہلے دو اماموں کی طرح ابوعمرو کے بے شمار راویوں میں سے دو زیادہ مشہور ہیں انہی کی دونوں روایتیں اس وقت پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں۔ لہٰذا حسبِ طریقِ دانیؒ ان ہی کو بیان کیا جائے گا۔

۱۔ ابوعمر حفص دُوری ازدی

یہ نابینا تھے ۱۵۰ھ میں اپنے وطن دُور میں پیدا ہوئے۔ یہ ایک بستی ہے جو بغداد کے قریب مشرقی جانب میں ہے اسی نسبت سے آپ کو دوری کہتے ہیں قراآت میں آپ ہی نے سب سے پہلے کتاب لکھی۔ آپ کی وفات بعمر چھیانوے سال ۲۴۶ھ میں ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ

۲۔ ابوشعیب صالح بن زیاد سُوسی

آپ کا پیدائشی وطن سُوس ہے جو اہواز کے علاقہ میں ہے پھر آپ نے رقہ میں (جو ربیعہ کی سرزمین میں فرات کے کنارہ پر آباد تھا اس میں) سکونت اختیار کر لی تھی۔ آپ اپنے پیدائشی وطن سوس ہی کی نسبت سے مشہور ہیں آپ کی وفات محرم الحرام ۲۶۱ھ میں تقریباً بعمر نوّے سال رقہ میں ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ ان دونوں راویوں نے سیدنا یزیدی کے ذریعہ امام ابوعمرو بصری سے قراآت نقل کی ہیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

چونکہ سیدنا دوری اور سیدنا سوسی رحمۃ اللہ علیہما کی دونوں روایتوں میں اُصول وفرش میں بہت کم فرق ہے اس لیے ان دونوں کو بھی اکٹھا ہی بیان کیا جائے گا۔ البتہ جن کلمات میں حفص سے اختلاف کرتے ہوئے دونوں نے آپس میں بھی اختلاف کیا ہے۔ یا صرف ایک راوی نے حفص کے خلاف پڑھا ہے ان کلمات کو خطوط کے ذریعہ ممتاز کیا جائے گا اور کلمہ کے نیچے اس راوی کا نام بھی درج کیا جائے گا۔ وَمَا تَوْفِيقِيٓ إِلَّا بِٱللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ۝

اُصُوْل

دو سورتوں کے درمیان سکتہ یا وصل۔ اور بعض شیوخ نے ان ...... چار سورتوں میں جن میں سے دو کے اول میں لآ اور دو کے اول میں ویل ہے (یعنی قیامہ و بلد اور تطفیف و ہمزہ) وصل کے بجائے سکتہ اور سکتہ کے بجائے بسم اللہ پسند کی ہے۔

ھُمْ ضمیر جمع سے پہلے کسرہ والا حرف ہو یا یائے ساکنہ ہو اغرض کہ ہا کا کسرہ پڑھا جا رہا ہو) اور میم کے بعد ایسا ساکن ہو جس سے ...... پہلے ہمزہ وصلیہ ہو جیسے بِهِمُ الْأَسْبَابُ اور عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وغیرہ۔ تو میم کا کسرہ پڑھتے ہیں۔ یعنی بِهِمِ الْأَسْبَابُ اور عَلَيْهِمِ الذِّلَّةُ۔ اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ایسے مواقع اکثر ہیں۔

تنبیہ۔ حالتِ وقف میں میم کو ساکن ہی پڑھتے ہیں۔

ادغامِ کبیر (الف) ادغام کے معنی ہیں دو حرفوں سے دوسرے حرف جیسا ایک مشدد حرف بنا کر ادا کرنا۔ پھر اگر پہلا حرف پہلے ہی سے ساکن ہے اور اس کا ادغام کیا گیا ہے تو اس کو ادغامِ صغیر کہتے ہیں۔ یہ سب قراء کے یہاں مستعمل ہے۔ اور اگر پہلا حرف متحرک تھا پھر اس کو ساکن کر کے ادغام کیا گیا تو اس کو ادغامِ کبیر کہتے ہیں۔ یہ امام ابوعمرو بصری کی قراءۃ میں کثرت سے آیا ہے اور اسی کو یہاں بیان کیا جائے گا۔

(ب) ادغام کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہے ۱ سبب ۲ شرط ۳ موانع (یعنی رکاوٹوں سے خالی ہونا) سبب تین ہیں ۱ تماثل۔ دو حرفوں کا مخرج اور تمام صفات میں متحد ہونا جیسے با اور با۔ تا اور تا وغیرہ ۲ تقارب یعنی دونوں حرفوں کا مخرج میں یا صفات میں یا دونوں میں قریب ہونا جیسے دال اور سین ۳ تجانس۔ یعنی دونوں حرفوں کا مخرج میں متحد اور صفات میں مختلف ہونا جیسے تا اور طا۔ اور شرطیں دو ہیں ۱ جن دو حرفوں میں ادغام ہو وہ دونوں رسماً متصل ہوں۔ اسی لیے اَنَا نَذِیْرٌ وغیرہ میں ادغام نہیں کرتے ہیں کیونکہ دونوں میں الف فاصل آرہا ہے اور اِنَّهٗ هُوَ میں گو تلفظ کے اعتبار سے فاصلہ ہے لیکن چونکہ رسماً دونوں ہا متصل ہیں اس لیے ادغام ہوتا ہے ۲ جب ادغام ایک ہی کلمہ کے دو حرفوں میں ہو تو ضروری ہے کہ دوسرے حرف کے بعد کم از کم ایک حرف اور ہو ورنہ ادغام نہ کریں گے جیسے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

خَلَقَكَ کہ اس میں کاف کے بعد اور کوئی حرف نہیں ہے اس لیے ادغام نہیں کرتے ہیں۔

اور موانع پانچ ہیں۔ ۱ پہلا حرف متکلم کی ۲ اور مخاطب کی تا ہو۔ جیسے کُنْتُ تُرٰبًا۔ اَنْتَ تُکْرِہُ۔ کُنْتَ ثَاوِیًا ۳ پہلے حرف پر تنوین ہو جیسے وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۴ اول حرف پر تشدید ہو جیسے فَتَمَّ مِیْقَاتُ ۵ پہلے حرف کے بعد سے جزم کی وجہ سے واو یا نون میں سے کوئی ساقط ہو گیا ہو۔ یہ صورت اگر مثلین میں ہو یا متجانسین و متقاربین میں ہو اور پہلے حرف کا کسرہ ہو تو ادغام و اظہار دونوں جائز ہیں۔ اور اگر متقاربین میں ہو اور پہلے حرف کا فتحہ ہو تو ادغام منع ہے۔ پس جب شرط اور سبب ہو۔ اور مانع کوئی نہ ہو تو پہلے حرف کو ساکن کرکے دوسرے حرف میں ادغام کرتے ہیں مثلین میں بلا ابدال اور متجانسین اور متقاربین میں ابدال کے بعد۔ فاحفظ

ادغام مثلین

(الف) ۱ مثلین اگر ایک کلمہ میں ہوں تو ان میں سے صرف دو کلموں میں ادغام کیا ہے مَنَاسِکَکُمْ (بقرہ ع ۲۵) اور مَا سَلَکَکُمْ (مدثر ع)

(ب) اگر مثلین دو کلموں میں جمع ہو رہے ہوں اور دونوں متحرک ہوں اور رسماً متصل ہوں اور موانع مذکورہ (از ۱ تا ۵) میں سے کوئی نہ ہو تو وہاں پہلے حرف کا دوسرے میں ادغام ضروری ہے جیسے یَعْلَمُ مَا بَیْنَ۔ قِیْلَ لَہُمْ تَعَالَیْ اور فِیْہِ ھُدًی وغیرہ۔

فائدہ۔ مثلین کا ادغام سترہ حرفوں میں سات سو اڑتالیس (۷۴۸) جگہ آیا ہے۔

ے یہ اس وقت ہے جبکہ تا کا کسرہ نہ ہو اگر ایسا ہو گا تو ادغام و اظہار دونوں وجوہ ہونگی (لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اور وہ سترہ[۱۷] حروف یہ ہیں بتؔ[۵۵]۔ ثخؔ۔ ترسؔ۔ عغؔ۔ فقؔ۔ کلؔ
منؔ۔ وھیؔ۔

تنبیہ۔ (الف) جن کلمات کے آخر سے واو یا نون میں سے کوئی حذف ہوگیا ہو اور اس لیے مثلین جمع ہوگئے ہوں ان میں ادغام و اظہار دونوں جائز ہیں۔ اور یہ صورت صرف ان تین کلمات میں آئی ہے ۱؎ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ (آل عمران ع) ۲؎ يَخْلُ لَكُمْ (یوسف ع) ۳؎ وَإِنْ يَّكُ كَاذِبًا (مومن ع)

(ب) وَالّٰئِي کو دو طرح پڑھتے ہیں ۱؎ یا کو حذف کرکے ہمزہ کی تسہیل سے ۲؎ اسی ہمزہ کو یا ساکنہ سے ابدال کرکے مد لازم سے وَالّٰيْ۔ اس دوسری صورت میں وَالّٰيْ يَئِسْنَ میں تیسیر و شاطبی کی رُو سے تو صرف اظہار ہے کیونکہ پہلی یا اصلی نہیں ہے اس لیے کہ ہمزہ سے بدلی ہوئی ہے اور نشر کی رد سے ادغام و اظہار دونوں صحیح ہیں اور عمل بھی اسی پر ہے۔ اور ادغام کی وجہ یہ ہے کہ ہمزہ کا یا سے ابدال کرنے کے سبب بظاہر مثلین جمع ہو رہے ہیں۔ اور اس صورت میں ادغام ہوا ہی کرتا ہے۔

(ج) فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ (لقمان ع) میں گو ادغام کا قاعدہ پایا جا رہا ہے کہ دو کاف بھی جمع ہیں اور گذشتہ چار موانع میں سے کوئی مانع بھی نہیں ہے، مگر اس کے باوجود بھی اہل ادا نے اس میں صرف اظہار کیا ہے کیونکہ اس میں کاف سے پہلے نون میں اخفا ہو رہا ہے اور اخفا کے سبب نون کا مخرج، خیشوم کی طرف منتقل ہوگیا ہے اس لیے اس کے بعد تشدید کا ادا کرنا دشوار تھا اور ادغام کا مقصد تخفیف حاصل کرنا ہے۔ نیز چونکہ اخفاء اظہار و ادغام

۱؎ بآ کے عدد مواقع اس صورت میں ہیں کہ ان کے لئے بسم اللہ نہ پڑھی جائے یا پڑھی تو جائے لیکن سورۃ کے آخر کا وصل نہ کیا جائے اور اگر بسم اللہ پڑھی جائے اور وصل بھی کیا جائے تو رعد و ابراہیم کے آخر میں ادغام

[illegible] ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کے درمیان والی حالت کا نام ہے اس لیے کاف ایک گونہ مدغم فیہ اور مشدد کے مرتبہ میں ہو گیا اور مشدد کا ادغام منع ہے۔ فافہم۔

ادغام متقاربین (الف) متقاربین اگر ایک کلمہ میں جمع ہوں تو ان میں سو صرف قاف کا کاف میں دو شرطوں سے ادغام کرتے ہیں ۱ قاف سے پہلا حرف متحرک ہو ۲ کاف کے بعد میم ہو جیسے یَرْزُقُكُمْ وَاثَقَكُمْ وغیرہ۔ اور مِیثَاقَكُمْ میں پہلی اور نَرْزُقُكَ میں دوسری شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے اظہار کرتے ہیں۔

فائدہ۔ طَلَّقَكُنَّ (تحریم) میں کاف کے بعد میم کے نہ ہونے کی وجہ سے تو اظہار ہی ہونا چاہیے مگر قوی نقل کے اعتبار سے اظہار و ادغام دونوں ثابت و صحیح ہیں۔ اور چونکہ کلمہ میں جمع و تانیث کی وجہ سے ثقل پایا جا رہا ہے اس لیے ادغام اولیٰ ہے۔

(ب) اور اگر متجانسین و متقاربین دو کلموں میں جمع ہوں اور ان چار موانع میں سے کوئی مانع نہ ہو ۱ پہلے حرف پر تنوین نہ ہو جیسے نَذِيرٌ لَكُمْ ۲ خطاب کی تا نہ ہو جیسے كُنْتَ تَا دِيًا۔ ۳ پہلے حرف کے بعد جزم کی وجہ سے کوئی حرف حذف نہ ہوا ہو جو صرف وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً میں ہے ۴ پہلا حرف مشدد نہ ہو جیسے اَلْحَقُّ كَمَنْ تو ان سولہ[۱۶] حروف کا ادغام کرتے ہیں جو بَتْ ثَجْحَ۔ دَذْرَ سَشْ۔ ضَقْ كَلْمَنْ میں جمع ہیں۔

اب رہا یہ کہ ان سولہ[۱۶] کا ادغام کس کس حرف میں ہوتا ہے سو اس کی تفصیل یہ ہے:۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نمبر ۱ باکا صرف یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ کے میم میں ۵ ہر جگہ ادغام کرتے ہیں اور یہ لفظ آل عمران ع۱۳ و مائدہ ع۳ و ع۶ و عنکبوت و فتحناع۲ میں آیا ہے۔ اور بقرہ ع۴۰ میں چونکہ باکو ساکن پڑھتے ہیں اس لیے اس کا ادغام کبیر کے باب سے کوئی تعلق نہیں۔

نمبر ۲ تا کا (جب کہ مخاطب کی تا نہ ہو) دسؔ حرفوں میں ۴۱ جگہ صرف ادغام اور ۶ جگہ اظہار و ادغام دونوں کرتے ہیں اور وہ دسؔ حروف ثجذ ذ ز س. ش ص. ض ط ظ میں جمع ہیں۔ نمبر۱ ثا میں (۱۷ جگہ) جیسے بِالْبَیِّنٰتِ ثُمَّ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ اور الْمَوْتَ ثُمَّ مگر ان میں سے وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ (بقرہ ع۱۰) اور حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ (جمعہ ع۱) میں اظہار و ادغام دونوں جائز ہیں۔ نمبر۲ جیم میں (۱۷ جگہ) جیسے الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ اور مِائَةَ جَلْدَةٍ اور وَتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ وغیرہ۔ نمبر۳ ذال میں (گیارہ جگہ) جیسے عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ذٰلِكَ۔ وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا وغیرہ۔ لیکن وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ (اسراء ع۳) اور فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى (روم ع۴) میں دونوں وجوہ ہیں۔

نمبر۴ زا میں تین جگہ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا (نمل ع۱) فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا (صفّٰت ع۱) اور اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا (زمر ع۸) میں۔ نمبر۵ سین میں (چودہ جگہ) جیسے بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا۔ الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ۔ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ۔ وغیرہ۔ نمبر۶ شین میں چار جگہ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ (حج ع۱) بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ۔ دو جگہ (نور ع۱ و ع۲) میں مگر لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا (مریم ع۲) میں دونوں وجوہ ہیں۔ نمبر۷ صاد میں تین جگہ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

(صٰفّٰت ع) وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا (نبا ع۲) فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا (العٰديٰت)
میں۔ ۸ ضاد میں ایک جگہ وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا میں۔ ۹ طا میں (پانچ جگہ)
جیسے الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ۔ الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وغیرہ۔ لیکن وَ
لْتَاْتِ طَآئِفَةٌ (نساء ع۱۵) میں دونوں وجوہ ہیں۔ ۱۰ ظا میں دو جگہ الْمَلٰٓئِكَةُ
ظَالِمِيْٓ (نساء ع۱۴) اور نحل (ع۴) میں۔

۳ ثا کا اِن پانچ حروف میں (تیرہ جگہ) ادغام کرتے ہیں جو تذ سشض
میں جمع ہیں۔ ۱ تا میں دو جگہ حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ (حجر ع۵) اور الْحَدِيْثِ
تَعْجَبُوْنَ (نجم ع۳) میں۔ ۲ ذال میں ایک جگہ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ (آل عمران
ع۲) میں۔ ۳ سین میں (چار جگہ) وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ (نمل ع۲) مِنْ حَيْثُ
سَكَنْتُمْ (طلاق ع۱)، الْحَدِيْثِ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ (ن ع۲) اور مِنَ
الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا (معارج ع۲) میں۔

۴ شین میں پانچ جگہ حَيْثُ شِئْتُمْ اور حَيْثُ شِئْتُمَا بقرہ و اعراف
دونوں میں دو دو جگہ اور ثَلٰثِ شُعَبٍ (مرسلٰت ع۱) میں۔

۵ ضاد میں ایک جگہ حَدِيْثُ ضَيْفِ (ذٰریٰت ع۲) میں۔

۴ جیم کا دو حرفوں (شین اور تا) میں دو جگہ ادغام کرتے ہیں۔ ۱ اَخْرَجَ
شَطْاَهٗ (فتح ع۴) کے شین میں۔ ۲ ذِى الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ کی تا میں۔

۵ حا کا عین میں صرف ایک جگہ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ (آل عمران
ع۱۹) میں ادغام کرتے ہیں۔ اور اس کے سوا باقی مقامات میں حا کا عین میں صرف
اظہار کرتے ہیں۔ جیسے الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ وغیرہ۔

www.KitaboSunnat.com

۱؎ دال۔ اس کی تین حالتیں ہیں۔ اول دال سے پہلے حرف پر حرکت ہو اس صورت میں دال کا ان پانچ حروف میں ادغام کرتے ہیں جو تذ سشصں میں جمع ہیں (کیونکہ ایسی دال کے بعد یہ پانچ ہی آئے ہیں) ۱؎ تا میں صرف ایک جگہ فِي الْمَسٰجِدِ تِلْكَ (بقرہ ع۲۳) ہیں۔ ۲؎ ذال میں بھی صرف ایک جگہ وَ الْقَلَآئِدَ ذٰلِكَ (مائدہ ع۱۳) ہیں ۳؎ سین میں بھی صرف ایک جگہ عَدَدَ سِنِيْنَ (مومنون ع۶) ہیں۔ ۴؎ شین میں صرف دو جگہ وَشَهِدَ شَاهِدٌ (یوسف ع۳ اور احقاف ع۱) ہیں۔ ۵؎ صاد میں بھی دو جگہ نَفْقِدُ صُوَاعَ (یوسف ع۹) اور فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ (قمر ع۳) ہیں۔ دوم یہ کہ دال سے پہلا حرف ساکن ہو اور دال کا ضمہ یا کسرہ ہو۔ اس صورت میں دال کا نو حرفوں میں ادغام کرتے ہیں۔ جو تث جذ زس۔ صضظ میں جمع ہیں۔ ۱؎ تا میں دو جگہ مِنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗ (مائدہ ع۱۳) اور تَكَادُ تَمَيَّزُ (ملک ع۱) ہیں ۲؎ ثا میں بھی دو جگہ يُرِيْدُ ثَوَابَ (نساء ع۲۰) اور لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ (اسراء ع۲) ہیں ۳؎ جیم میں بھی دو جگہ دَاوٗدُ جَالُوْتَ (بقرہ ع۳۳) اور دَارُ الْخُلْدِ جَزَآءً (فصلت ع۴) ہیں۔

گو بعض حضرات ساکن صحیح کے بعد ادغام کے بجائے اختلاس پڑھتے ہیں، کیونکہ اس سے تخفیف حاصل ہو کر ادغام کا مقصد پورا ہو جاتا ہے لیکن کامل ادغام کو بھی جائز بتاتے ہیں اور جو اس کا انکار کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں تفصیل شرح شاطبیہ ص۱۴۵ پر ملے گی۔ اور دانی جیسے محققین کی رائے پر ادغام کامل اولیٰ اور قوی ہے۔ ۴؎ ذال میں سولہ جگہ۔ جیسے مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ اور الْمَرْفُوْدُ ذٰلِكَ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وغیرہ۔ ۱۳ زا میں دو جگہ تُرِیْدُ زِیْنَةَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا (کہف ع) اور یَکَادُ زَیْتُهَا (نور ع) ہیں۔ ۲ سین میں تین جگہ الْاَصْفَادُ سَرَابِیْلُهُمْ (ابراہیم ع) اور کَیْنُ شَجَرٍ (طٰہٰ ع) اور یَکَادُ سَنَا بَرْقِہٖ (نور ع) ہیں ۳ صاد میں دو جگہ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا (مریم ع) اور وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ نور ع ۴ ضاد میں تین جگہ مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ (یونس ع وفصلت ع) اور مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ (روم ع) ہیں ۵ ظا میں تین جگہ یُرِیْدُ ظُلْمًا (آل عمران ع وغافر ع) اور مِنْ بَعْدِ ظُلْمِہٖ (مائدہ ع) سوم یہ کہ ساکن کے بعد دال کا فتحہ ہو اس صورت میں صرف تا میں ادغام کرتے ہیں کیونکہ دونوں کا مخرج ایک ہونے کی وجہ سے اتصال زیادہ ہے اور ایسی دال کے بعد تا دو جگہ مَا کَادَ تَزِیْغُ (توبہ ع) اور بَعْدَ تَوْکِیْدِهَا (نحل ع) میں آئی ہے۔ ۷ ذال کا دو حرفوں میں ادغام کرتے ہیں۔ ۱ سین میں دو جگہ فَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ اور وَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ (کہف ع) ۲ صاد میں ایک جگہ مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً (جن ع) ہیں۔ ۸ را کا لام میں پچاسی جگہ ادغام کرتے ہیں بشرطیکہ را سے پہلا حرف متحرک ہو اور اگر ساکن ہو تو را کا کسرہ یا ضمہ ہو تب ادغام کرتے ہیں جیسے سَخَّرَ لَنَا۔ لِیَغْفِرَ لَكَ۔ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ۔ الْمَصِیْرُ لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ وغیرہ۔ اور اگر ساکن کے بعد را پر فتحہ ہو تو اس صورت میں کسی جگہ بھی ادغام نہیں کرتے ہیں۔ جیسے وَالْحَمِیْرَ لِتَرْکَبُوْهَا وغیرہ۔

فائدہ۔ جن کلمات میں الف کے بعد کلمہ کے آخر میں کسرہ والی را ہو اور اس را کا ادغام ہو رہا ہو یا اس را پر وقف ہو جائے تو ادغام و وقف کے بعد بھی را سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

پہلے الف میں امالہ باقی رہتا ہے کیونکہ ادغام عارضی چیز ہے۔ اس کی وجہ سے جو راپر سکون آگیا ہے اس کا اعتبار نہیں کرتے اور را کا کسرہ اصلی ہے اور وہی امالہ کا سبب ہے۔ فافہم۔

۹ سین کا دو حرفوں زا اور شین میں ایک ایک جگہ ادغام کرتے ہیں ۱ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ میں بلاخلاف اور ۲ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا میں خلاف کے ساتھ۔ پس اس میں دونوں وجوہ ہیں۔ مگر مناسب یہ ہے کہ تیسیر کے طرق سے صرف ادغام پڑھا جائے۔ ۱۰ شین کا سین میں صرف ایک جگہ ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا میں ادغام کرتے ہیں۔ ۱۱ ضاد کا شین میں صرف لِبَعْضِ شَاْنِھِمْ (نور ع) میں ادغام کرتے ہیں۔ پس، الْاَرْضَ شَقًّا وغیرہ میں صرف اظہار ہوگا۔ ۱۲ قاف کا کاف میں گیارہ[۱۱] جگہ ادغام کرتے ہیں بشرطیکہ قاف سے پہلے حرف پر حرکت ہو جیسے خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ وغیرہ۔ اور اگر پہلا حرف ساکن ہو تو ادغام نہیں کرتے ہیں جیسے وَ نُوْزِقُ كُلَّ وغیرہ۔

تنبیہ۔ ادغامِ کبیر میں قاف کا اثر بالکل نہیں رہتا اور صغیر میں جو صرف اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ میں ہے استعلا کا باقی رکھنا اور نہ رکھنا دونوں جائز ہیں اور ثانی اولیٰ ہے۔ ۱۳ کاف کا صرف قاف میں تینتیس[۳۳] جگہ ادغام کرتے ہیں اور شرط وہی ہے کہ کاف سے پہلے حرف پر حرکت ہو جیسے وَیَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا۔ رَبُّكَ قَدِیْرًا وغیرہ۔ اور اگر کاف سے پہلے حرف ساکن ہو تو پھر ادغام نہیں کرتے جیسے اِلَیْكَ قَالَ عَذَابِیْ۔ وَلَا یَحْزُنْكَ قَوْلُھُمْ وغیرہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

۱۴ لام کا صرف را میں جو ۲۱ اسی جگہ ادغام کرتے ہیں۔ اور شرط اس میں بھی وہی ہے کہ یا تو لام سے پہلے حرف متحرک ہو ورنہ لام پر ضمہ یا کسرہ ہو۔ ان تینوں صورتوں میں تو ہر جگہ ادغام کرتے ہیں جیسے سُبُلَ رَبِّكِ۔ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ۔ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ۔ مَنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَا وغیرہ۔ اور اگر ساکن کے بعد لام پر فتحہ ہو تو صرف قَالَ رَبِّ اور قَالَ رَبُّكُمْ اور قَالَ رَبُّنَا اور قَالَ رَجُلٌ اور قَالَ رَجُلَانِ میں ادغام کرتے ہیں اور کسی جگہ نہیں کرتے۔ ۱۵ اگر میم سے پہلے حرف پر حرکت ہو اور اس کے بعد با ہو (جو ۷۸ جگہ آئی ہے) تو اس میم کو (ساکن کر کے غنہ اور) اخفا سے پڑھتے ہیں جیسے بِاَعْلَمَ بِالشّٰکِرِیْنَ اور یَحْکُمُ بِهٖ وغیرہ۔ قرّا اس کو بھی ادغام کہہ دیتے ہیں۔ حالانکہ واقع میں ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں میم کا با سے ابدال نہیں ہوتا صرف میم کی حرکت زائل ہوتی ہے اور یہ میم اخفا سے پڑھی جاتی ہے۔ اور اگر میم سے پہلا حرف ساکن ہو تو اس میں اخفا نہیں کرتے جیسے اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ وغیرہ۔ ۱۶ نون کا لام اور را میں ادغام کرتے ہیں۔ را میں پانچ جگہ اور لام میں تہتر جگہ۔ مگر شرط یہ ہے کہ نون سے پہلے حرف پر حرکت ہو جیسے زُیِّنَ لِلنَّاسِ اور لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ اور وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ۔ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّیْ وغیرہ۔ اگر پہلا حرف ساکن ہو تو پھر ادغام نہیں کرتے ہیں جیسے بِاِذْنِ رَبِّهِمْ۔ مُسْلِمَیْنِ لَكَ وغیرہ۔ لیکن صرف نَحْنُ کے نون کا لام میں ہر جگہ ادغام کرتے ہیں۔ کیونکہ اس میں نون کا ضمہ لازمی ہے جس کی وجہ سے ثقل تھا۔ جیسے وَنَحْنُ لَهٗ وغیرہ

فائدہ جن حروف کا ادغام ہوتا ہے اگر ان پر ضمہ یا کسرہ ہو تو ان کی طرف اشارہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کرنے کے لیے اشمام و روم بھی جائز ہیں۔ چونکہ مدغم کا سکون وقفی سکون کے مشابہ ہے اس لیئے وقف کے احکام اس میں بھی جاری ہو گئے۔ اور روم میں اشارہ کامل ہوتا ہے اور اشمام میں ناقص۔ لیکن اشمام میں ادغام کامل باقی رہے گا، کیونکہ اشمام ہونٹوں کے ملانے سے ہوتا ہے اور اس کے ساتھ تشدید کا باقی رہنا ظاہر ہے۔ اور روم میں چونکہ کسرہ یا ضمہ کا کچھ حصہ ادا ہوتا ہے اس لیے ادغام باقی نہیں رہتا۔ یاد رکھو کہ ضمہ میں تو اشمام و روم دونوں ہوتے ہیں۔ پس اس میں تین وجوہ ہو گئیں ۱۔ اشارہ کے بغیر کامل ادغام ۲۔ اشمام کے ساتھ ادغام۔ ۳۔ روم جیسے سَیُغْفَرُ لَّنَا وغیرہ اور کسرہ میں فقط روم ہوتا ہے پس اس میں دو وجوہ ہو گئیں۔ کامل ادغام اور روم جیسے مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ اور فتحہ میں دونوں نہیں ہوتے صرف کامل ادغام ہوتا ہے اشارہ کے بغیر جیسے وَشَهِدَ شَاهِدٌ۔

مدِ متصل و منفصل مدِ متصل میں دو الفی مد کرتے ہیں۔ اور منفصل میں دوری کیلئے دو وجوہ ہیں (۱) قصر ایک الفی (۲) مد دو الفی اور سوسی کے لئے صرف قصر (ایک الفی مد) ہے۔ حرفِ مد کے بعد اگر ایسا ساکن آجائے جس کا سکون ادغام کی بنا پر ہو جیسے وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا تو اس حرفِ مد میں اول طول پھر توسط پھر قصر تینوں جائز ہیں۔ اور اگر لین کے بعد ایسا ساکن آجائے تو بھی تینوں وجوہ ہیں جیسے كَيْفَ فَعَلَ وغیرہ مگر اول قصر پھر توسط پھر طول کا مرتبہ ہے اور دانی اور اکثر محققین کی رائے پر توسط اولیٰ ہے اور حافظ اصبہانی کی تصریح کے مطابق ناظم (شاطبیؒ) بھی توسط ہی پڑھایا کرتے تھے۔ اور میں نے بھی اپنے شیخ مدظلہ العالی سے توسط ہی سنا ہے

ایک کلمہ کے دو ہمزوں میں سے دونوں کا فتحہ ہو یا پہلے کا فتحہ اور دوسرے کا

صحیح: اور کسرہ میں فقط روم ہوتا ہے۔ پس اس میں دو وجوہ ہو گئیں۔ کامل ادغام اور روم جیسے مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ اور فتحہ میں دونوں نہیں ہوتے صرف کامل ادغام ہوتا ہے اشارہ کے بغیر جیسے وَشَهِدَ شَاهِدٌ۔

”محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

کسرہ ہو تو (قالون کی طرح) دوسرے ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں۔ اور دونوں ہمزوں کے درمیان الف داخل کرتے ہیں جیسے ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اور اَئِنۡ سوءِ اَنۡذَرۡتَهُمۡ اَئِنَّ وغیرہ۔

تنبیہ ءَاَمَنۡتُمۡ اور ءَاٰلِهَتُنَا اور اَئِمَّةً میں صرف تسہیل ہے ادخال نہیں۔

اور اگر پہلے کا فتحہ اور دوسرے کا ضمہ ہو تو دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ ادخال وعدم ادخال دونوں وجوہ ہیں جیسے ءَاُنۡزِلَ سے ءَاُنۡزِلَ اور ءَاُنۡزِلَ وغیرہ۔

دو کلموں کے دو ہمزوں کی حرکت ایک طرح کی ہو تو تینوں قسموں میں پہلے ہمزہ کو حذف کرکے جَآءَ اَجَلُهُمۡ۔ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا۔ اَوۡلِيَآءُ اُولٰٓئِكَ پڑھتے ہیں اور ہمزہ سے پہلے الف میں اول قصر پھر مد کرتے ہیں اور اگر حرکت مختلف ہو تو شُهَدَآءَ اِذۡ جیسی مثالوں میں دوسرے ہمزہ کی یا کی طرح اور جَآءَ اُمَّةً میں واو کی طرح تسہیل کرتے ہیں اور السُّفَهَآءُ اَلَا جیسی مثالوں میں دوسرے ہمزہ کو زبر والے واو سے اور مِنَ السَّمَآءِ اٰيَةً جیسی مثالوں میں زبر والی یا سے بدلتے ہیں۔ یعنی السُّفَهَآءُ وَلَا اور مِنَ السَّمَآءِ يٰايَةً وغیرہ اور يَشَآءُ اِلٰى جیسی مثالوں میں دوسرے ہمزہ میں دو وجوہ ہیں (۱) زیر والے واو سے ابدال یعنی يَشَآءُ وِلٰى یہ قراء کا مذہب ہے اور نقل کے اعتبار سے قوی تر ہے (۲) دوسرے ہمزہ کی یا کی طرح تسہیل۔ یہ نحاۃ کا مذہب ہے اور قیاس کی رو سے درست تر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ابدال جس ہمزہ پر جزم (سکون) ہو اگر اس سے پہلے حرف پر فتحہ ہو تو الف سے اور کسرہ ہو تو یا سے اور ضمہ ہو تو واو سے بدلتے ہیں جیسے کَاْسٌ۔ بِئْسَ۔ شِئْتُمْ۔ یُؤْمِنُوْنَ۔ رُءْیَاكَ وغیرہ۔ مگر ذیل کی دو صورتوں میں کلیہ قاعدہ کے طور پر اور دیگر تین کلمات میں جو پانچ جگہ آتے ہیں ابدال نہیں کرتے۔

(الف) ہمزہ کا سکون جازم کی بنا پر ہو جیسے ۱ اَوْ نُنْسِئْهَا ۲ تَسُؤْهُمْ تَسُؤْكُمْ ۳ یَشَاْ ۴ نَشَاْ ۵ وَیُهَیِّئْ لَكُمْ ۶ اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ اور اس قسم کے تمام کلمات یہی چھے ہیں جو انیس جگہ آئے ہیں۔

(ب) سکون امر کے صیغہ میں ہو جیسے ۱ اَنْبِئْهُمْ ۲ اَرْجِئْهُ ۳ اِقْرَاْ ۴ وَهَیِّئْ لَنَا ۵ نَبِّئْ اور اس قسم کے تمام کلمات یہی پانچ ہیں جو گیارہ جگہ آئے ہیں۔

(ج) تُؤْوِیْ اور تُؤْوِیْهِ۔ وَرِءْیًا (مریم ع) مُؤْصَدَةٌ (البلد ہمزہ) میں۔

تنبیہ۔ بَارِئِكُمْ جو بقرہ میں دو جگہ ہے اس کے ہمزہ میں دوری کے لیے اختلاس اور سکون دونوں اور سوسی کے لیے صرف سکون ہے۔ پس سکون کی صورت میں اس میں بھی ابدال کا قاعدہ پایا جاتا ہے لیکن اس میں ابدال نہیں کرتے بلکہ اس ہمزہ کو سکون اور تحقیق سے پڑھتے ہیں۔

فائدہ (الف) مثلین، متقاربین اور متجانسین میں ابو عمرو کے لیے دو طریق ہیں ادغام و اظہار۔ اور اسی طرح ہمزہ ساکنہ میں بھی دو وجوہ ہیں ابدال و تحقیق اور ان دونوں کے ملانے سے عقلاً چار طریق نکلتے ہیں ۱ اظہار اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابدال ۲ اظہار اور ہمزہ میں تحقیق ۳ ادغام اور ہمزۂ ساکنہ میں ابدال ۴ ادغام وتحقیق۔ ان میں سے چوتھا طریق ناجائز ہے کیونکہ یہ ابوعمرو سے صحیح نقل کے ذریعہ منقول نہیں۔

(ب) جس طرح ابوعمرو کے لیے ادغام کے ساتھ ہمزہ کی تحقیق صحیح نہیں اسی طرح ادغام کے ساتھ مدِ منفصل میں مد بھی درست نہیں پس دوری اور سوسی دونوں کے لیے مثلین وغیرہ میں ادغام و اظہار اور ہمزۂ ساکنہ میں ابدال وتحقیق دونوں صحیح ہیں لیکن ہمزہ ساکنہ میں تحقیق اور منفصل میں مد پڑھنے کی صورت میں مثلین وغیرہ میں صرف اظہار ہوگا۔ پس مثلین وغیرہ اور ہمزہ ساکنہ دونوں کے جمع ہونے کی صورت میں حَیْثُ شِئْتُمَا جیسی مثالوں میں عقلاً چار وجوہ نکلتی ہیں ۱ اظہار وتحقیق۔ حَیْثُ شِئْتُمَا ۲ اظہار وابدال جیسے حَیْثُ شِیْتُمَا ۳ ادغام وابدال یعنی حَیْث شِّیْتُمَا ۴ ادغام وتحقیق یعنی حَیْث شِّئْتُمَا ان میں سے چوتھی ناجائز ہے اور باقی تین صحیح ہیں اور مدِ منفصل اور مثلین وغیرہ جمع ہو جائیں جیسے وَلَآ أَقُوْلُ لَكُمْ میں ہیں تب بھی چار وجوہ نکلتی ہیں ۱ منفصل میں مد اور مثلین میں اظہار وَلَآ أَقُوْلُ لَكُمْ ۲ قصر وادغام وَلَا أَقُول لَّكُمْ ۳ قصر واظہار۔ ۴ مد وادغام۔ ان میں سے بھی چوتھی ناجائز اور باقی تین صحیح ہیں اور مدِ منفصل و ہمزہ ساکنہ کے جمع ہونے کی صورت میں بھی چاروں وجوہ نکلتی ہیں ۱ تحقیق وقصر ۲ تحقیق ومد ۳ ابدال وقصر ۴ ابدال ومد اور چاروں صحیح ہیں۔ پس یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ أُنْزِلَ میں دوری کے لیے چاروں وجوہ جائز ہیں اور سوسی چونکہ منفصل میں مد نہیں کرتے اس بنا پر ان کے لیے صرف دو وجوہ ہوں گی جو ۱ اور ۳ میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

درج کی گئی ہیں اور جب مثلین وغیرہ اور ہمزہ ساکنہ مدمنفصل تینوں جمع ہو جائیں تو وہاں عقلاً آٹھ وجوہ نکلتی ہیں ۱ اظہار تحقیق قصر قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا ۲ اظہار۔ تحقیق۔ مد ۳ اظہار۔ ابدال۔ قصر قَالَ لَا يَاتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا ۴ اظہار۔ ابدال۔ مد ۵ ادغام۔ ابدال۔ قصر قَالَ لَّا يَاتِيكُمَا طَعَامٌ تُّرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا ۶ ادغام۔ ابدال۔ مد ۷ ادغام۔ تحقیق قصر۔ ۸ ادغام تحقیق۔ مد۔ ان میں سے اول کی پانچ صحیح اور باقی تین غیر صحیح ہیں۔ اور سوسی کے لیے صرف (۲،۳ اور ۵) یہ تین صحیح ہیں (اتحاف) لیکن ناظمؒ اپنی تلاوت میں دوری کے لیے اظہار و تحقیق اور سوسی کے لیے ابدال و ادغام پڑھا کرتے تھے۔ چنانچہ قصیدہ کے سب سے پہلے شارح ابوالحسن سخاوی فرماتے ہیں کہ ابوالقاسم شاطبیؒ ادغام کبیر سوسی ہی کے طریق سے پڑھتے تھے کیونکہ انہوں نے اسی طرح پڑھا تھا۔ اور اتحاف البریہ میں ہے وَالْاِدْغَامُ بِالسُّوسِيِّ خُصَّ ادغام سوسی ہی کے ساتھ خاص کیا گیا ہے۔ انتہیٰ۔ (ج) اظہار اور تحقیق کی وجہ اصل کی موافقت ہے اور ابدال اور ادغام تخفیف کی بنا پر ہے۔

ہم اختلافات کے باب میں دوری و سوسی دونوں کے لیے ادغام و ابدال کے مواقع ذکر کریں گے۔ کیونکہ امام دانیؒ نے اپنی تیسیر میں پورے ابوعمرو کے لیے ان کو بیان کیا ہے۔ پس اگر دانیؒ کے بیان کے مطابق دوری کی روایت پڑھیں تو ادغام و ابدال پڑھیں اور اگر شاطبیؒ کا اتباع کریں تو پھر اظہار و تحقیق سے پڑھیں۔

ادغام صغیر ۱ اِذْ کی ذال کا سَتَجِدُ زَصَ کے چھ حرفوں میں ہر جگہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ادغام کرتے ہیں جیسے اِذْ سَّمِعْتُمُوْہُ۔ اِذْ تَّبَرَّاَ۔ وَاِذْ جَّعَلْنَا۔ اِذْ دَّخَلُوْا۔
وَاِذْ زَّيَّنَ۔ وَاِذْ صَّرَفْنَا۔

فائدہ۔ اِذْ کی ذال کا سین میں دو ۲ جگہ اور تا اور جیم میں انیس ۱۹ انیس ۱۹ اور دال میں چار ۴ اور زا میں دو ۲ اور صاد میں ایک جگہ ادغام کرتے ہیں۔ ۲ قَدْ کی دال کا جَ ذَ زَ سَ شَ صَ ضَ ظَ کے آٹھ حرفوں میں ہر جگہ ادغام کرتے ہیں۔ جیم میں تیس ۳۰ ذال و زا و شین میں ایک ایک۔ سین و صاد میں گیارہ ۱۱ گیارہ اور ضاد میں چودہ ۱۴ اور ظا میں تین ۳ جگہ جیسے لَقَدْ جَّآءَكُمْ۔ وَلَقَدْ ذَّرَأْنَا۔ وَلَقَدْ زَّيَّنَّا۔ لَقَدْ سَّمِعَ۔ قَدْ شَّغَفَهَا۔ وَلَقَدْ صَّرَّفْنَا۔ وَلَقَدْ ضَّرَبْنَا۔ فَقَدْ ظَّلَمَ وغیرہ

۳ تاء تانیث ساکنہ (جو ماضی کے آخر میں آتی ہے اس) کا ثَجْ۔ زَسْ۔ صَظْ کے چھے ۶ حرفوں میں ہر جگہ ادغام کرتے ہیں۔ ثا میں چھے ۶۔ جیم و صاد میں دو ۲ دو ۲۔ زا میں ایک۔ سین میں بارہ ۱۲ اور ظا میں تین ۳ جگہ۔ جیسے كَذَّبَتْ ثَّمُوْدُ۔ نَضِجَتْ جُّلُوْدُهُمْ۔ خَبَتْ زِّدْنٰهُمْ۔ اُنْزِلَتْ سُّوْرَةٌ۔ لَهُدِّمَتْ صَّوَامِعُ۔ حُرِّمَتْ ظُّهُوْرُهَا۔

۴ با ساکنہ کا فا اور میم میں ادغام کرتے ہیں (الف) فا میں پانچ ۵ جگہ (۱) يَغْلِبْ فَّسَوْفَ (نساء ع ۱۰) (۲) تَعْجَبْ فَّعَجَبٌ (رعد ع ۱) (۳) قَالَ اذْهَبْ فَّمَنْ (اسراء ع ۷) (۴) فَاذْهَبْ فَّاِنَّ (طہ ع ۵) (۵) يَتُبْ فَّاُولٰٓئِكَ (حجرات ع ۲) (ب) میم میں دو ۲ جگہ ۱ وَيُعَذِّبْ مَّنْ (بقرہ ع ۴۰) ۲ ارْكَبْ مَّعَنَا (ہود ع ۴) میں۔

۵ ثا ساکنہ کا تا میں ادغام کرتے ہیں ۱ اُوْرِثْتُّمُوْهَا میں دونوں جگہ (اعراف ع ۵ و زخرف ع ۷) میں اور ۲ لَبِثْتُّمْ اور لَبِثْتُّ میں ہر ۱۴ جگہ۔

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

۶ے دال ساکنہ کا ثا اور ذال میں یعنی وَمَنْ یُّرِدْ ثَّوَابَ میں اور کٓهٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ میں۔

۷ے ذال ساکنہ کا تا میں فَنَبَذْتُّهَا (طٰہٰ ع) اور عُذْتُّ (مومن ع و دخان ع) میں اور اِتَّخَذْتُّمُ۔ اِتَّخَذْتُّ۔ اَخَذْتُّ۔ اَخَذْتُّمْ وغیرہ سب[۱۸] کلمات میں۔

۸ے راء ساکنہ کا لام میں جیسے نَغْفِرْ لَکُمْ۔ وَاصْبِرْ لِحُکْمِ رَبِّكَ وغیرہ مگر دوری کے لیے اظہار و ادغام دونوں ہیں اور اظہار طریق کے خلاف ہے۔

فائدہ۔ یہ ترپین[۵۳] جگہ آیا ہے۔

تنبیہ۔ کبیر کے مواقع میں ادغام پڑھتے ہوئے تو دوری کے لیئے راء ساکنہ کا لام میں صرف ادغام ہے اور کبیر کے اظہار کے ساتھ راء ساکنہ میں اظہار و ادغام دونوں ہیں پس بقرہ میں حَیْثُ شِئْتُمْ کے ادغام کے ساتھ تو نَغْفِرْ لَکُمْ میں صرف ادغام ہوگا اور اول کے اظہار کے ساتھ ثانی میں دونوں وجوہ ہوں گی۔

فتح اور امالہ محضہ اور امالہ بین بین

اگر زبر کو زیر کی اور الف کو یا کی بُو دیئے بغیر پڑھیں تو اس کو فتح کہتے ہیں اور اگر زبر کو زیر کی اور الف کو یا کی طرف زیادہ جھکا دیا جائے لیکن نہ اتنا کہ خالص زیر اور خالص یا ہی ہو جائیں تو اس کو امالہ محضہ۔ امالہ کبریٰ۔ اضجاع اور بطح بھی کہتے ہیں۔ اور امالہ بین بین یہ ہے کہ زبر کو زیر اور الف کو یا کی طرف تھوڑا مائل کیا جائے اس کو امالہ صغریٰ۔ تقلیل۔ بین اللفظین اور بین بین بھی کہتے ہیں فتح حجاز کا اور امالہ نجد و تمیم و قیس کا لغت ہے۔ اس باب کی اصطلاحات کی

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تشریح روایت درشش میں کی جا چکی ہے۔ اس لیے یہاں ترک کی جاتی ہے۔ ناظرین اس میں مطالعہ فرمالیں۔

واضح ہو کہ قرآن مجید میں جن کلمات میں الف یا کی شکل میں لکھا ہوا ہے عام ہے کہ وہ یا سے بدلا ہوا ہو یا واو سے یا لکھا ہوا تو الف ہی کی شکل میں ہو لیکن یا سے بدلا ہوا ان سب کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) وہ تمام کلمات جن میں یا سے بدلے ہوئے الف سے پہلے را ہو (اور ایسے کئی کلمات کو ذوات الرا اور ایک کو ذوالرا کہتے ہیں) جیسے آذٰىہُ۔ بُشْرٰى۔ الْكُبْرٰى ان میں تو امالہ محضہ کرتے ہیں (۲) وہ کلمات جو فَعْلٰى۔ فِعْلٰى۔ فُعْلٰى کے وزن پر ہوں۔

اور فَعْلٰى کے وزن پر گیارہ کلمات (السَّلْوٰى۔ الْمَوْتٰى۔ تَقْوٰى۔ قَتْلٰى مَرْضٰى۔ نَجْوٰى۔ دَعْوٰى۔ شَتّٰى۔ صَرْعٰى۔ طَغْوٰى اور يَحْيٰى صرف چار جگہ آل عمران ع۔ انعام ع۔ مریم ع۔ انبیاء ع میں) اور فِعْلٰى کے وزن پر چار کلمات (سِيْمٰا۔ اِحْدٰى۔ ضِيْزٰى۔ عِيْسٰى) اور فُعْلٰى کے وزن پر بیس کلمات (مُوْسٰى۔ دُنْيَا۔ اُنْثٰى۔ قُرْبٰى۔ وُسْطٰى۔ قُصْوٰى۔ عُزّٰى۔ وُثْقٰى۔ حُسْنٰى۔ اُوْلٰى۔ عُقْبٰى۔ سُفْلٰى۔ عُلْيَا۔ رُءْيَا۔ طُوْبٰى۔ مُثْلٰى۔ سُوٰى زُلْفٰى۔ سُقْيٰى۔ رُجْعٰى۔) آئے ہیں۔ (۳) وہ الفات جو ان گیارہ سورتوں کی آیتوں کے سروں پر ہوں جن کی آیات کے آخر میں یا سے[1] بدلا ہوا الف ہو۔ عام ہے کہ اس الف کے بعد ہا اور الف ہوں یا نہ ہوں لیکن شرط یہ ہے کہ الف سے پہلے را نہ ہو جیسے لِتَشْقٰى۔ يَغْشٰى ان دونوں قسموں میں امالہ بین بین

[1] انہی میں وہ آخری کلمات بھی شامل ہیں جن کا الف واو سے بدلا ہوا ہے لیکن وہ یا کی شکل میں لکھا ہوا ہے۔ جیسے ضُحٰهَا وغیرہ ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کرتے ہیں اور وہ گیارہ[11] سورتیں یہ ہیں طٰہٰ ۔ نجم ۔ معارج ۔ قیٰمہ ۔ نٰزعٰت ۔ عبس ۔ اعلیٰ ۔ شمس ۔ لیل ۔ ضحیٰ ۔ علق ۔ (۴) وہ تمام کلمات جو ان کے ماسوا ہوں یعنی نہ ان میں یا سے بدلے ہوئے الف سے پہلے رَا ہو اور نہ فِعْلیٰ کے وزن پر ہوں اور نہ مذکورہ گیارہ[11] سورتوں کی آیتوں کے سروں پر ہوں جیسے اَدْنیٰ ۔ یَصْلٰہَا مُصَلًّی وغیرہ اس قسم کے تمام کلمات کو فتح سے پڑھتے ہیں لیکن ذیل کے چند کلمات میں اس قاعدہ کے خلاف کیا ہے (۱) اَعْمٰی پہلا (اسراء ع) اس میں دونوں راویوں نے امالہ کیا ہے ۔ (۲) کِلْتَا کو بعض نے فِعْلیٰ کے وزن پر بتایا ہے کیونکہ یہ اصل میں کِلْوٰی تھا پھر واو کو تا سے بدل لیا اور اس کا الف بصریین کے یہاں تانیث کا اور کوفیین کی رائے پر تثنیہ کا ہے ۔ اس بنا پر کہ اس کا واحد کلت ہے اور تا تانیث کی ہے ۔ اور یہی ظاہر تر ہے ۔ اس اختلاف کی بنا پر اس میں تقلیل و فتح دونوں ہیں ۔ مگر فتح مشہور ہے ۔ یٰوَیْلَتٰی ۔ اَنّٰی ۔ یٰحَسْرَتٰی میں دوری کے لیے بلاخلاف تقلیل ہے ۔ اور یٰاَسَفٰی میں تقلیل و فتح دونوں ہیں مگر فتح جمہور کا مذہب ہے ۔ تنبیہ امالہ اور تقلیل کے وہ تمام الفات جن کے بعد ساکن ہو عام ہے کہ تنوین ہو یا اس کے سوا کوئی اور حرف ہو جیسے ھُدًی ۔ مُوْسَی الْکِتٰبَ وغیرہ تو ان میں وصلاً امالہ اور تقلیل دونوں ناجائز ہیں لیکن وقفاً امالہ اور تقلیل مشہور ہیں البتہ اگر اس ساکن منفصل سے پہلے را ہو جیسے حَتّٰی نَرَی اللّٰہَ ۔ اَلْکُبْرَی اذْھَبْ وغیرہ تو سوسی اس ساکن کے باوجود وصل کی حالت میں امالہ کرتے ہیں ۔ اور شاطبیہ میں فتح بھی درج ہے ۔ دانی ؒ فرماتے ہیں کہ سوسی کے مذہب میں میں نے امالہ ہی پڑھا ہے اور میں اسی کو اختیار کرتا ہوں ۔ پس جن مثالوں میں الف سے پہلے را ہو اور الف کے بعد ساکن ہو جیسا کہ ابھی گذرا تو ان میں

سے رَاٰ ۔ رَاٰہُ وغیرہ سب کلمات جن میں ہمزہ کے بعد الف پڑھا جاتا ہے ان میں بھی دونوں راویوں نے امالہ محضہ کیا ہے ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وصلاً سوسی کے لیے رآ کا امالہ اور فتح دونوں ہیں اور دوری کے لیے (باقین کی طرح) صرف فتح ہے۔

تنبیہ۲۔ اگر اس رآ کے بعد (جس میں سوسی وصلاً امالہ کرتے ہیں) لفظ اللہ آجائے جیسے نَرَی اللّٰہَ وغیرہ تو امالہ کرتے وقت اللہ کے لام کو پُر اور باریک دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں اور دانی کی رائے پر باریک پڑھنا اولیٰ ہے (ایسے تین مواقع ہیں)۔

فصل جن کلمات میں کسرہ والی رآ لام کلمہ ہو اور اس سے پہلے الف ہو تو اس الف[1] میں امالہ محضہ کرتے ہیں جیسے وَعَلٰٓی اَبْصَارِہِمْ۔ النَّارِ۔ الْغَارِ۔ بِدِیْنَارٍ۔ الْاَبْرَارِ وغیرہ۔

فائدہ۔ ھَارٍ (توبہ ع۱۳) میں بھی امالہ محضہ کرتے ہیں۔ تنبیہ۔ اَنْصَارِیْٓ میں دونوں جگہ صرف کسائی کے دوری کے لیے امالہ ہے باقی سب کے لیے فتح ہے اور ابوعمرو بھی انہی میں شامل ہیں (اتحاف وغیث)

فصل الْکٰفِرِیْنَ اور کٰفِرِیْنَ میں ہر جگہ کاف کے فتح کا امالہ کرتے ہیں۔

فصل النَّاسِ کے سین کا کسرہ ہو تو دوری کے لیے امالہ ہے اور سوسی فتح سے پڑھتے ہیں۔

تنبیہ۔ تیسیر میں النَّاسِ کے امالہ کی اور شاطبیہ میں خلاف کی نسبت پورے

---

[1] مگر الْجَارِ (نساء ع۶) میں دونوں جگہ اور اَنْصَارِیْٓ آل عمران ع۵ و صف ع۲ میں امالہ نہیں کرتے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ابو عمرو کی طرف کی گئی ہے اس کا جواب شرح شاطبی صفحہ ۲۵۳ اور صفحہ ۲۵۴ پر دیکھیں۔

فائدہ النَّاسِ سین کے کسرہ سے ۱۵۲ جگہ ہے۔

تنبیہ۔ (الف) محققین کا مذہب یہ ہے کہ جس الف میں بعد کے کسرہ کے سبب امالہ ہوتا ہے وہ امالہ سکونِ وقفی و ادغامی میں بھی باقی رہتا ہے۔ اس بنا پر کہ یہ سکون عارضی ہے اور کسرہ اصلی ہے اس لیے اس کا اعتبار کرنا چاہیے۔

قرآن کی کتابت کے موافق وقف

تمام قراء اپنی قراآت میں لکھے ہوئے کے موافق ہی وقف کیا کرتے ہیں مگر چند مواقع میں اس کے خلاف وقف کرنا بھی وارد ہوا ہے۔ ذیل میں ہم امام ابو عمرو بصری کا اختلاف بیان کرتے ہیں:۔

(الف) ان میں سے ایک موقع تو تانیث کی وہ ہر ایک ہا ہے جو قرآن میں لمبی تا کی شکل میں لکھی ہوئی ہے (اور جزری وغیرہ میں بالتفصیل بیان کی گئی ہے) ان میں سے جس کو تمام قراء یا ابو عمرو واحد کے صیغہ سے پڑھتے ہیں۔ ان سب میں اصل کے موافق تا کو ہا سے بدل کر وقف کرتے ہیں (کیونکہ تانیث کی تا میں اصل یہی ہے کہ اس کو وقفاً ہا سے بدل لیا جائے۔ اور یہ قریش کا لغت ہے)

(ب) وَكَأَيِّنْ میں یا پر وقف کرتے ہیں یعنی وَكَأَيِّ۔

(ج) وَيْكَأَنَّ اور وَيْكَأَنَّهُ (قصص ع) میں اولیٰ تو یہی ہے کہ پورے کلمہ پر وقف کیا جائے لیکن اگر کاف[1] پر (اختیاراً یا اضطراراً) وقف کیا جائے

[1] (صفحہ ۲۸ پر دیکھو)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تو یہ بھی جائز ہے یعنی وَیْکَ۔ (د) فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ (نساء ع) اور مَالِ هٰذَا (کہف ع وفرقان ع) اور فَمَالِ الَّذِيْنَ (معارج ع) میں لام پر وقف ناجائز ہے (پس ما پر یا لام کے بعد والے کلمہ پر اختیاراً یا اضطراراً وقف کر سکتے ہیں اور وقف کے بعد مَا اور فَمَا سے اعادہ ضروری ہے) (ل) اَيُّهَا (نور ع وزخرف ع اور رحمٰن ع) میں الف کے حذف سے (اَیُّہَ لکھا ہوا ہے) ان میں اصل کے موافق الف پر وقف کرتے ہیں (یعنی وقفاً اَيُّهَا پڑھتے ہیں)

یائے اضافت

یائے اضافت (یعنی متکلم کی یا) کے بعد (الف) اگر فتحہ والا ہمزہ قطعی ہو جیسے اِنِّيْٓ اَعْلَمُ وغیرہ تو ذیل کی ۱۶ یا آت کے سوا باقی ۹۰ کو فتحہ سے پڑھتے ہیں یعنی اِنِّيَ اَعْلَمُ وغیرہ۔ اور جن (۱۶) میں سکون پڑھتے ہیں وہ یہ ہیں ۱ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ (بقرہ ع) ۲ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ (اعراف ع) ۳ وَلَا تَفْتِنِّيْ اَلَا (توبہ ع) ۴ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ ۵ فَطَرَنِيْٓ اَفَلَا (ہود ع وع) ۶ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ ۷ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا (یوسف ع وع) ۸ فَاتَّبِعْنِيْٓ اَهْدِكَ (مریم ع) ۹ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى (طٰہٰ ع) ۱۰، ۱۱ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ (نمل واحقاف ع) ۱۲ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ (نمل ع) ۱۳ تَاْمُرُوْنِّيْٓ اَعْبُدُ (زمر ع) ۱۴ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ ۱۵ اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ (مومن ع وع) ۱۶ اَتَعِدَانِنِيْٓ اَنْ (احقاف ع)

(حاشیہ ص ۲۷) کیونکہ یہ ان کو دو کلمے مانتے ہیں جن میں سے ایک وَیْکَ اور دوسرا اَنَّ اور اَنَّہٗ ہے۔ لیکن یہ یاد رکھو کہ اَنَّ اور اَنَّہٗ سے ابتدا درست نہیں۔ بلکہ وَیْکَ سے لوٹانا چاہیے ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(ب) اور اگر اس یا کے بعد کسرہ والا ہمزہ ہو جیسے مِنِّیٓ اِلَّا وغیرہ تو ان ۲۰
یا آت کے علاوہ باقی (۴۲) کو فتحہ سے پڑھتے ہیں۔ یعنی مِنِّیَ اِلَّا وغیرہ۔ اور جن
(۱۹) میں سکون پڑھتے ہیں وہ یہ ہیں ۱و۲ مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰہِ آل عمران
ع۵ و صف ع۲) ۳تا۵ اَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی (اعراف ع۲ و حجر ع۳ و ص ع۵)[لہ] ۶ یَدْعُوْنَنِیْٓ
اِلَیْہِ (یوسف ع۴) ۷ اِخْوَتِیْٓ اِنَّ (یوسف ع۱۱) ۸ بَنَاتِیْٓ اِنْ کُنْتُمْ
(حجر ع۵) ۹تا۱۱ سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ (کہف ع۹ اور قصص و صٰفّٰت ع۳) ۱۲ بِعِبَادِیْٓ
اِنَّکُمْ (شعراء ع۴) ۱۳ یُصَدِّقُنِیْٓ اِنِّیْٓ (قصص ع۴) ۱۴ لَعْنَتِیْٓ اِلٰی (ص ع۵)
۱۵و۱۶ تَدْعُوْنَنِیْٓ (غافر ع۵ میں دو) ۱۷ فِیْ ذُرِّیَّتِیْٓ اِنِّیْ (احقاف ع۲) ۱۸
وَرُسُلِیْٓ اِنَّ (مجادلہ ع۳) ۱۹ اَخَّرْتَنِیْٓ اِلٰی (منافقون ع۲)

(ج) اور اگر اس یا کے بعد ہمزہ وصلی ہو (جو پہلے کلمہ کے ملنے سے گر جایا کرتا ہے) تو اس یا کا ہر جگہ فتحہ پڑھتے ہیں جیسے اِنِّی اصْطَفَیْتُکَ سے اِنِّیَ اصْطَفَیْتُکَ وغیرہ۔

(د) اور اگر اس یا کے بعد اَلْ والا ہمزہ ہو تو صرف دو جگہ اس یا کو ساکن پڑھتے ہیں اور اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر دیتے ہیں ۱و۲ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ (عنکبوت و زمر ع۲) اور باقی سب ۱۴ جگہ فتحہ پڑھتے ہیں جیسے عَہْدِی الظّٰلِمِیْنَ سے عَہْدِیَ الظّٰلِمِیْنَ وغیرہ۔

(ہ) اور اگر ہمزہ کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے جیسے وَجْھِیَ لِلّٰہِ وغیرہ تو صرف دو یا آت کا فتحہ پڑھتے ہیں ۱ وَمَحْیَایَ (انعام ع۲۰) ۲ وَمَالِیَ (یٰس ع۲) میں اور باقی سب ۲۸ جگہ سکون پڑھتے ہیں۔ یعنی وَجْھِیْ لِلّٰہِ وغیرہ۔

لہ لیکن حجر و ص میں فَاَنْظِرْنِیْٓ ہے ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یاآت زوائد جو یاآت رسم قرآنی میں نہ ہوں ان میں سے ۳۳ کو صرف وصل کی حالت میں ثابت رکھتے ہیں۔ ۱، ۲ الدَّاعِ یٰ اِذَا دَعَانِ یٰ ۳ وَاتَّقُوْنِ یٰ (بقرہ ع ۲۳، ع ۲۵) ۴ وَمَنِ اتَّبَعَنِ یٰ ۵ وَخَافُوْنِ یٰ (آل عمران ع ۲ و ع ۱۸) ۶ وَاخْشَوْنِ یٰ وَلَا (مائدہ ع ۷) ۷ وَقَدْ هَدٰىنِ یٰ (انعام ع ۹) ۸ ثُمَّ كِيْدُوْنِ یٰ (اعراف ع ۲۴) ۹ فَلَا تَسْئَلْنِ یٰ ۱۰ وَلَا تُخْزُوْنِ یٰ ۱۱ يَوْمَ يَاْتِ یٰ (ہود ع ۴ و ع ۷ و ع ۹) ۱۲ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ یٰ (یوسف ع ۸) ۱۳ بِمَا اَشْرَكْتُمُوْنِ یٰ ۱۴ دُعَآءِ یٰ (ابراہیم ع ۴، ع ۶) ۱۵ اَخَّرْتَنِ یٰ ۱۶ الْمُهْتَدِ یٰ (اسراء ع ۷ و ع ۱۱) ۱۷ الْمُهْتَدِ یٰ ۱۸ اَنْ يَّهْدِيَنِ یٰ ۱۹ اِنْ تَرَنِ یٰ ۲۰ اَنْ يُّؤْتِيَنِ یٰ ۲۱ نَبْغِ یٰ ۲۲ اَنْ تُعَلِّمَنِ یٰ (کہف ع ۲ و ع ۵ و ع ۹) ۲۳ اَلَّا تَتَّبِعَنِ یٰ (طٰہٰ ع ۵) ۲۴ الْبَادِ یٰ (حج ع ۳) ۲۵ اَتُمِدُّوْنَنِ یٰ (نمل ع ۳) ۲۶ كَالْجَوَابِ یٰ (سبا ع ۲) ۲۷ اتَّبِعُوْنِ یٰ (مومن ع ۵) ۲۸ الْجَوَارِ یٰ (شوریٰ ع ۴) ۲۹ وَاتَّبِعُوْنِ یٰ هٰذَا (زخرف ع ۶) ۳۰ الْمُنَادِ یٰ (قٓ ع ۳) ۳۱ يَدْعُ الدَّاعِ یٰ ۳۲ اِلَى الدَّاعِ یٰ (قمر ع ۱) ۳۳ يَسْرِ یٰ (فجر) اور ۳۴ فَمَآ اٰتٰنِ یٰ اللّٰهُ (نمل ع ۳) کو وقف و وصل دونوں حالتوں میں ثابت رکھتے ہیں اور وصلاً مفتوح اور وقفاً[عه] ساکن پڑھتے ہیں اور ۳۵ یٰعِبَادِ یٰ (زخرف ع ۷) کو بھی دونوں حالتوں میں ثابت رکھتے ہیں مگر ساکن پڑھتے ہیں اور ۳۶، ۳۷ اَكْرَمَنِ اور اَهَانَنِ (فجر) کو صرف وصلاً ثابت رکھنا اور نہ رکھنا دونوں جائز ہیں مگر ثابت نہ رکھنا اولیٰ ہے۔ دانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حذف ہی پڑھا ہے اور اسی کو اختیار کرتا ہوں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

عه دانیؒ نے مفردات میں وقفاً اثبات ہی کو خود پسندیدہ بتایا ہے ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فرش کلیہ مکرّرہ

دوری] نمبر ۱ (الف) آرِنَا اور آرِنِی کو ہر جگہ دوری را کے کسرہ کے اختلاس سے
سوسی] اور سوسی اس کے سکون سے پڑھتے ہیں۔
(ب) اُکُلُهَا میں جب کہ اُکُل کے بعد ہا اور الف ہوں یعنی تانیث کی ضمیر ہو، عام ہے کہ لام کا ضمہ ہو یا فتحہ ہر جگہ کاف کا سکون پڑھتے ہیں۔ یعنی اُکْلُهَا پڑھتے ہیں۔ (ج) الٓر اور الٓمٓر کو ہر جگہ را کے امالہ محضہ سے پڑھتے ہیں۔ (د) اُفٍّ کو ہر جگہ فا کے ایک زیر سے اُفِّ پڑھتے ہیں۔ (ہ) اَوْ کا واؤ جو ساکن حرف سے مل کر پڑھا جاتا ہو اور اس کے بعد والے حرف کا ضمہ لازمی ہو جیسے اَوِانْقُصْ تو اَوْ کے واو کا ضمہ پڑھتے ہیں یعنی اَوُ انْقُصْ وغیرہ (و) اُسْوَةٌ کو ہر جگہ اِسْوَةٌ پڑھتے ہیں (ز) اٰمَنْتُمْ بِہٖ اور اٰمَنْتُمْ لَهٗ کو ہمزہ کی زیادتی سے ءَاٰمَنْتُمْ پڑھتے ہیں (ح) اَرْجِهْ کو دونوں جگہ اَرْجِئْهُ پڑھتے ہیں (ط) فَاَتْبَعَ اور ثُمَّ اَتْبَعَ کو فَاتَّبَعَ، ثُمَّ اتَّبَعَ پڑھتے ہیں (ی) قریب قریب کے دو ہمزہ استفہام کو ہر جگہ[1] ثابت رکھتے ہیں اور اپنے اصول کے مطابق ادخالِ الف اور تسہیلِ ثانیہ کر پڑھتے ہیں۔

سی] نمبر ۲ (الف) بَارِئِكُمْ کو دوری ہمزہ کے کسرہ کے اختلاس و سکون سے اور
سوسی] سوسی اس کے صرف سکون سے پڑھتے ہیں یعنی بَارِئْكُمْ (ب) بَرِیْٓئَةِ اور ذُرِّیَّةِ کو بَرِیْٓئَةِ اور ذُرِّیَّةِ پڑھتے ہیں۔

[1] ان میں سے دوسرے ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں ۱۲۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

۳ (الف) حَتّٰى کو ہر جگہ حا کی تقلیل سے پڑھتے ہیں (ب) يَحْسَبُهُمْ وغیرہ
کو ہر جگہ سین کے کسرہ سے يَحْسِبُهُمْ پڑھتے ہیں۔

۴ (الف) خُطُوٰتِ کو ہر جگہ خُطْوٰتِ پڑھتے ہیں۔ (ب) الْمُخْلَصِيْنَ
کو جب کہ میم سے پہلے لام ساکنہ ہو تو ہر جگہ خا کے بعد والے لام کے کسرہ سے
الْمُخْلِصِيْنَ پڑھتے ہیں۔

۵ (الف) رُسُلُنَا۔ رُسُلُكُمْ۔ رُسُلُهُمْ کو جب کہ لام کے بعد دو
حرف لکھے ہوئے ہوں تو ہر جگہ سین کے سکون سے رُسْلُنَا۔ رُسْلُكُمْ۔
رُسْلُهُمْ پڑھتے ہیں وغیرہ۔ (ب) لَرَءُوْفٌ۔ رَءُوْفٌ کو ہر جگہ واو کے
حذف سے لَرَءُفٌ اور رَءُفٌ پڑھتے ہیں۔ (ج) دَرَجٰتٍ مَّنْ کو دَرَجٰتِ
مَّنْ پڑھتے ہیں۔

۶ ...... زَكَرِيَّا کو ہر جگہ ہمزہ کی زیادتی اور مد سے زَكَرِيَّاءُ پڑھتے ہیں اور
ہمزہ کی حرکتیں ان کے یہاں بھی حرمیان ہی کی طرح ہیں ۷ (الف) لِلسُّحْتِ اور
السُّحْتَ کو ہر جگہ حا کے ضمہ سے لِلسُّحُتِ اور السُّحُتَ پڑھتے ہیں (ب)
دَآئِرَةُ السَّوْءِ کو دَآئِرَةُ السُّوْءِ پڑھتے ہیں۔

۸ فَيُضٰعِفَهٗ کو دونوں جگہ دوسری فا کے پیش سے فَيُضٰعِفُهٗ
پڑھتے ہیں۔

۹ قُلْ کے لام کے بعد والا حرف ساکن ہو اور اس کے بعد والے حرف پر

---

۱ رُسُلُنَا آٹھ جگہ اور رُسُلَنَا چھ اور رُسُلِنَا تین اور رُسُلُهُمْ گیارہ اور رُسُلِهِمْ اور
رُسُلُكُمْ دونوں ..... ایک ایک جگہ آئے ہیں ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ضمہ ہو تو لام کا بھی ضمہ پڑھتے ہیں جیسے قُلُ ادْعُوا اور قُلُ انظُرُوا۔

۹ آلْئِٰن کو ہر جگہ یا کے حذف اور ہمزہ کی تسہیل سے پڑھتے ہیں اور ہمزہ سے پہلے الف میں اول مد پھر قصر کرتے ہیں۔ یا اس ہمزہ کو یائے ساکنہ سے بدل لیتے ہیں جس سے آلْیٰٓنَ، آلْیٰن ہو جاتا ہے۔ اور ابدال کی صورت میں مد لازم بھی ہوگا۔

۱۰ (الف) مِتُّ، مِتُّم، مِتْنَا کو ہر جگہ میم کے ضمہ سے مُتُّ، مُتُّم، مُتْنَا پڑھتے ہیں۔ (ب) المَیِّتِ کو جب کہ میت کے مصداق میں بے جان ہونے کی صفت ثابت ہو چکی ہو تو ابن کثیر و ابن عامر و ابوبکر کی طرح دونوں جگہ یا کے سکون سے تشدید کے بغیر المَیْتِ، مَّیْتٍ پڑھتے ہیں (ج) نُوحِیٓ اِلَیْهِمْ اور نُوحِیٓ اِلَیْهِ کو یُوحٰی اِلَیْهِمْ اور یُوحٰی اِلَیْهِ پڑھتے ہیں۔

۱۱ (الف) فَنِعِمَّا اور نِعِمَّا کو عین کے کسرہ کے اختلاس یا سکون سے پڑھتے ہیں۔ (ب) النَّشْاَةَ کو ہر جگہ النَّشَآءَةَ پڑھتے ہیں۔ (ج) یُنَزِّلُ، تُنَزِّلُ مُنَزِّلُ کو ہر جگہ سوائے عَلٰی اَنْ یُنَزِّلَ (انعام ع۴) اور وَمَا نُنَزِّلُهٗ (حجر ع۲) کے اور مُنَزِّلُهَا (مائدہ ع۱۵) اور مُنَزَّلٌ (انعام ع۱۴) کو نون کے سکون زا کی تشدید کے بغیر یُنْزِلُ۔ تُنْزِلُ۔ نُنْزِلُ۔ مُنْزِلُهَا اور مُنْزَلٌ پڑھتے ہیں۔

۱۲ (الف) ھُوَ اور ھِیَ سے پہلے واو، فا، لام میں سے کوئی حرف مل کر لکھا ہوا ہو تو ہا کے سکون سے وَهْوَ، وَهْیَ، لَهْوَ، لَهْیَ، فَهْوَ، فَهْیَ پڑھتے ہیں۔ (ب) وٰعَدْنَا اور وٰعَدْنٰکُمْ کو ہر جگہ واو کے بڑے زبر سے وَعَدْنَا، وَوَعَدْنٰکُمْ پڑھتے ہیں۔

لہ آل عمران ع۱۶ کے دونوں کو چونکہ حفصؒ بھی میم کے ضمہ سے پڑھتے ہیں اس لیے وہ اس شمار سے الگ ہیں ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

۱۳ (الف) یامرھم۔ یامرھم۔ تامرھم۔ ینصرکم۔ یشعرکم کو ہر جگہ دوری رآ کے ضمہ کے اختلاس و سکون سے

اور سوسی صرف سکون سے پڑھتے ہیں یعنی یامرھم وغیرہ۔ (ب) یبشرک کو ہر جگہ یبشرک پڑھتے ہیں۔ (ج) یدخلون الجنۃ کو ہر جگہ اور یدخلونھا (فاطر ع) کو یُدخلون اور یُدخلونھا پڑھتے ہیں (د) یبدل لھما، یبدل لہ، یبدلنا کو..... یُبدّل لھما، یُبدّل لہ۔ یبدّلنا پڑھتے ہیں (ہ) یظّٰھرون اور تظّٰھرون کو یظَّھَّرون تظّھّرون پڑھتے ہیں (و) تذکرون کو ہر جگہ تذّکّرون پڑھتے ہیں۔ (ز) تلقف کو تلقّف پڑھتے ہیں۔

۱۴ سبا اور لسبا کو ہمزہ کے فتحہ سے سبأ اور لسبأ پڑھتے ہیں۔

یہاں پہونچ کر اصول و فرش کلیہ ختم ہو گئے۔ اب اصول جاری کرتے ہوئے وہ تمام کلمات ذکر کیے جاتے ہیں جن کو امام ابی عمرو بصریؒ نے حفص رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف پڑھا ہے۔

واللہ الموفق والمعین

رحیم بخش، عفا اللہ عنہ

پانی پتی

حررہ محمد ایوب غفرلہ الذنوب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سورۃ الفاتحہ ۱،۲ الرحیم (وصلاً) ملک ۳ ولا الضالین ۴ ع

پارہ الٓمٓ

سورۃ البقرۃ ۱ فیہ ھدی (وصلاً) ۲،۳ یومنون (دونوں) ۴ ءانذرتھم

۵ لا یومنون ۶ ابصارھم ۷ الناس (دوری) ۸ بمومنین ع

۹ وما یخدعون ۱۰ یکذبون ۱۵،۱۶ واذا قیل لھم (دونوں)

۱۷ انؤمن ۱۸ السفھاء ۱۹ الا (وصلاً) ۲۰ بالکفرین ۱۱،۱۰ لذھب

ع بسمعھم وابصارھم ۱ خلقکم ۲ جعل لکم ۳ فاتوا

ع ۲ للکفرین ۵ وھو ۱ واذ قال ربک ۲ ونحن نسبح

